حکومت کا گیس کی قیمتوں میں 80 فیصد تک بڑھانے کا پروگرام

چیئرپرسن اوگرا عظمیٰ عادل

2 سال سے گیس کی قیمتیں نہیں بڑھ سکیں، قیمت خرید اور فروخت میں فرق بڑھ گیا ہے، 723 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو گیس کی قیمت میں اضافہ مانگا گیا ہیسوئی نادرن کے غیر ضروری اخراجات کو نہیں مانا جائے گا

ڈالر کی قیمت بڑھنا بھی ایک فیکٹر ہے، ایس این جی پی ایل کے دیوالیہ ہونے کا مکان نہیں، حکومت ایسی کمپنیوں کو دیوالیہ نہیں ہونے دیتی سردیوں میں اوور بلنگ کی وجہ چوتھا سلیب ریٹ اور پریشر فیکٹر تھا

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرپرسن اوگرا عظمیٰ عادل نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا گیس کی قیمت خرید میں اضافہ ہوا ہے، 2 سال سے گیس کی قیمتیں نہیں بڑھ سکیں، قیمت خرید اور فروخت میں فرق بڑھ گیا ہے، 723 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو گیس کی قیمت میں اضافہ مانگا گیا ہے۔ انہوں نے کہا سوئی نادرن کے غیر ضروری اخراجات کو نہیں مانا جائے گا، ڈالر کی قیمت بڑھنا بھی ایک فیکٹر ہے، ایس این جی پی ایل کے دیوالیہ ہونے کا مکان نہیں، حکومت ایسی کمپنیوں کو دیوالیہ نہیں ہونے دیتی سردیوں میں اوور بلنگ کی وجہ چوتھا سلیب ریٹ اور پریشر فیکٹر تھا۔ عظمی عادل نے مزید کہا سردیوں میں اوور بلنگ کی وجہ چوتھا سلیب ریٹ اور پریشر فیکٹر تھا، کسی کو معاہدے سے ہٹ کر پریشر لگا ہے تو اسے ریفنڈ ملے گا، اوور بلنگ کے ذمہ داروں کا تعین وزیراعظم کی کمیٹی کریگی۔ سوئی نادرن کے غیر ضروری اخراجات کو نہیں مانا جائے گا، ڈالر کی قیمت بڑھنا بھی ایک فیکٹر ہے، ایس این جی پی ایل کے دیوالیہ ہونے کا مکان نہیں، حکومت ایسی کمپنیوں کو دیوالیہ نہیں ہونے دیتی سردیوں میں اوور بلنگ کی وجہ چوتھا سلیب ریٹ اور پریشر فیکٹر تھا۔

DHA دونوں گروپس کی کارکردگی مایوس کن ہے: ارشد نجمی

ڈیلرز برادری مایوسی کا شکار ہیں وہ یہ سوچنے پر مجبور نہ ہو جائیں انکا فیصلہ غلط تھا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی ایچ اے ڈیلرز ایسوسی ایشن کے دونوں گروپس کی کارکردگی مایوس کن ہے ارشد نجمی نے نمائندی تماشائی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ڈیلرز برادری مایوسی کا شکار ہو رہی ہے خدشہ ہے کہ کہیں وہ یہ نہ سوچنا شروع کر دیں کہ انکا فیصلہ یعنی ابوبکر بھٹی اور انکے گروپس کو کامیاب بنانے والے اور الخدمت گروپ کو کامیاب بنانے والے غلط تھے انہوں نے مزید کہا کہ جی انٹرنیٹ کمپنی سے ایڈورڈ ٹائزنگ کا کاروبار چل رہا تھا مگر چند دن لوگوں کے مفاد کی نظر ہو گیا حقائق کچھ روز میں ابھی تک نئی پورٹل کمپنی متعارف نہیں کروائی گئی، کاروبار تو پہلے ہی بحران کا شکار ہیں ایڈورٹائزمنٹ بند ہونے سے مزید کمی واقع ہو گئی ہے ہمارا لین دین اور کمپنی سے چل رہا تھا نقصان تو ڈیلر کا ہوا ہے جنہوں نے اشتہارات بند کر دیئے ہیں کمپنی تو ایڈوانس رقم لیچکی ہے

ملک خالد محمود اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن سال 2018ء اعلیٰ کارکردگی کی خوشی میں اپنے دوستوں کیساتھ گروپ فوٹو

اسٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی میاں غضنفر اقبال کے بیٹے کی شادی تقریب ولیمہ

پُروقار تقریب میں فیملی ممبران کے ساتھ ساتھ کثیر تعداد میں سیاسی وسماجی حلقوں سے دوستوں کی شرکت

لاہور (ایم ایم عمران سے) قمر زمان کائرہ، میاں نصیر، اسٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی انتظامیہ کے جنرل سیکرٹری میاں آصف شاہین، فنانس سیکرٹری آغا اعجاز رضوان، ایگزیکٹو ممبران میں رانا قیصر سیف، احمد کمال، ڈیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین شاہد انور، نائب صدر خالد محمود ملک ان کے بیٹے ملک وسیم سجاد، ملک عبدالستار، ملک احسان، احمد خلدون، صابر میو، ثاقب بٹ فرید لودھی، میاں عباس، الحاج عبداللطیف ودیگر ڈیلرز برادری کی شرکت نے تقریب کو رونق بخشی، دعوت ولیمہ میں آنے والے مہمانوں کو میاں غضنفر اقبال اور نبیل اختر جوڑا نے خوش آمدید کہا مہمانوں نے پُرسکون ماحول میں پُرتکلف ضیافت سے فیض یاب ہوئے۔ تقریب میں مہمان اور میزبان ایک دوسرے سے خوشی کا اظہار کرتے رہے، تقریب احسن طریقے سے اہتمام پذیر ہوئی، میاں اقبال، نبیل جوڑا و دیگر نے مہمانوں کو خدا حافظ کہا۔

حکومت خالی برتن ہے جو شور کے سوا کچھ نہیں، مریم اورنگزیب

جس میں ترقی کی شرح نو ماہ کے دوران آدھی ہو گئی ہے پچاس لاکھ گھر بھولنے نہیں دیں گے

پشاور میں ایک کھرب کے کھڈے موجود ہیں لیکن نیب خاموش ہے کیوں کہ وزیراعظم نے کرپشن کی

راولپنڈی (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت پر روزانہ کی بنیاد پر قرضہ چڑھ رہا ہے اور ان کی اپنی سیٹی بجنے والی ہے، یہ حکومت خالی برتن ہے اور خالی برتن میں شور کے سوا کچھ نہیں ہوتا، یہ اتنے نالائق ہیں کہ ترقی کی شرح 9 ماہ کے دوران آدھی ہو گئی ہے، ہم عمران خان کو ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھر بھولنے نہیں دیں گے، ہم انہیں علیمہ باجی کی کرپشن بھی بھولنے نہیں دیں گے سابق وزیر اطلاعات نے پریس کانفرنس میں کہا کہ ہم عمران خان کو ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھر بھولنے نہیں دیں گے، ہم انہیں علیمہ باجی کی کرپشن بھی بھولنے نہیں دیں گے۔

مختلف کمپنیوں فی اٹ، مسی اور اور رینٹ آئی ایم ٹی کے ٹریکٹروں کی پیداوار میں 28.72 اور فروخت میں 27.78 فیصد کمی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں مالی سال 2018-19 میں جولائی تا مارچ کے دوران مختلف کمپنیوں فی اٹ، میسی اور اور رینٹ آئی ایم ٹی کے ٹریکٹروں کی پیداوار 28.72 جبکہ فروخت میں 27.78 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاگزشتہ مالی سال 2017-18 کے پہلے 9 ماہ کے دوران مختلف کمپنیوں کے فارم ٹریکٹروں کی پیداوار ہے

تہران کے متنازع جوہری پروگرام: ایران کا واشنگٹن میں فرانسیسی سفیر کیخلاف شدید احتجاج

تہران (نیوز ڈیسک) ایران نے واشنگٹن میں تعینات فرانسیسی سفیر کی جانب سے تہران کے متنازع جوہری پروگرام پر بات کرنے پر پیرس کے خلاف شدید احتجاج کیا ہے۔ امریکا میں متعین فرانسیسی سفیر جیراڈ اراوڈ نے مانیکرو بلاگنگ ویب سائیٹ 'ٹویٹر' پر ایک بیان میں کہا تھا کہ ایران کو اپنے جوہری پروگرام کے پرامن ہونے کی یقین دہانی کرانا ہوگی اور اسے سنہ 2025 کو جوہری معاہدہ ختم ہونے کے بعد بھی اپنا جوہری پروگرام پرامن رکھنا ہوگا۔ فرانسیسی سفیر کے اس بیان پر ایران نے فرانس کے خلاف سخت غم و غصے کا اظہار کیا ہے۔

اسلامی جمعیت طلبہ نے نوجوانوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا

جمعیت کا نوجوان یونیورسٹی کا ٹاپر ہونے کے ساتھ والدین کا فرمانبردار بھی ہوتا ہے: ڈاکٹر خالد محمود

سلامی جمعیت طلبہ نے نوجوان اپنی اولین ترجیح تعلیم کو دیں، جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ اسلامی جمعیت طلبہ نے ادارے کی حیثیت سے لاکھوں نوجوانوں کی صلاحیتوں کو پروان چڑھایا جو معروف شخصیات کی صورت میں آج معاشرے کی خدمت کر رہے ہیں، جمعیت کے تربیت یافتہ نوجوانوں نے زندگی کے ہر شعبہ میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا، اسلامی جمعیت طلبہ، شجر سایہ دار، گل ہائے سرسبد اور اللہ کا بڑا انعام ہے، نوجوان قوم کا مستقبل ہیں، مدتوں سے درماندہ قوم کی قیادت کرنے کے لیے نوجوان کمر بستہ ہوں، مستقبل کی قیادت آپ نوجوان ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے جموں وکشمیر اسلامی جمعیت طلبہ کے زیر اہتمام 3 روزہ ناظمین کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے کیا، ناظمین کیمپ سے ناظم اعلیٰ اسلامی جمعیت طلبہ پاکستان محمد عامر خان، ناظم کشمیر راجہ مسرور ظفر نے خطاب کیا۔

روان سال فروری میں الیکٹریکل مشینری کی درآمدات میں نمایاں کمی ریکارڈ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) رواں سال فروری میں ملک میں الیکٹریکل مشینری کی درآمدات میں گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے مقابلے میں نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ ادارہ شماریات (پی بی ایس) کیمطابق فروری 2019 میں پاکستان نے الیکٹریکل مشینری کی درآمدات پر 127 ملین ڈالر کا زرمبادلہ صرف کیا۔ جو گزشتہ سال کے اسی عرصہ کے مقابلے میں 26.7 فیصد کم ہے۔

آئندہ مالی سال میں مختلف منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ

چین ایک ارب ڈالر کی گرانٹ دے گا، گوادر میں بین الاقوامی ایئرپورٹ کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا

تعلیم، صحت زراعت، غربت میں کمی، پانی کی فراہمی، اور فنی تربیت کے لئے مختلف منصوبوں کا فیصلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئندہ مالی سال 2019-20 میں روزگار کے مواقع کی فراہمی، تعلیم، صحت زراعت، غربت میں کمی، پانی کی فراہمی، اور فنی تربیت کے لئے مختلف منصوبے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لئے چین پاکستان کو ایک ارب ڈالر کی گرانٹ دے گا۔ سی پیک سیکرٹریٹ کے حکام کے مطابق اس سلسلہ میں سماجی و معاشی ترقی کے جیسے کئی معاہدوں پر دونوں ممالک دستخط کر چکے ہیں۔ سی پیک کے تحت تمام صوبوں کے کم ترقی یافتہ علاقوں میں ترقیاتی منصوبے شروع کئے جائیں گے۔ رواں سال مئی میں خصوصی معاشی زون رشکئی کا افتتاح بھی ہو جائے گا، گوادر میں بین الاقوامی ایئرپورٹ کا سنگ بنیاد رکھا جا چکا ہے۔

اسٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی سوسائٹی ممبران ڈیلرز کی ترقی مفادات کیلئے کوشاں رہیں گے: عبدالستار ملک

سوسائٹی کی ترقی میں ڈیلرز کی ترقی پوشیدہ ہے انتظامیہ کی خدمات سے انکار نہیں کیا جا سکتا، فیز ٹو کے ممبران کو بڑی خوشخبری سُننے کو ملے گی

لاہور (سٹاف رپورٹر) اسٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی ممبران و ڈیلرز کی ترقی و مفادات کیلئے کوشاں رہیں گے ملک عبدالستار جنرل سیکرٹری اسٹیٹ لائف ہاؤسنگ سوسائٹی ڈیلرز ایسوسی ایشن نے نمائندہ تماشائی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سوسائٹی کی ترقی میں ڈیلرز کی ترقی پوشیدہ ہے فیز ٹو بارے سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ڈویلپمنٹ میں پیش رفت ہو رہی ہے فیز ٹو کے ممبران کو بہت جلد بڑی خوشخبری ملنے والی ہے انہوں نے مزید کہا کہ سوسائٹی انتظامیہ کی خدمات سے انکار نہیں کیا جا سکتا انہوں نے اپنی نے بساط سے بڑھ کر خدمات سر انجام دی ہیں مین روڈ جو گذشتہ سالوں میں تعمیر نہیں ہو سکی اس انتظامیہ نے تعمیر شروع کروادی ہے جو تیزی سے تکمیل کے مراحل طے کر رہی ہے ہم نے ہمیشہ اچھی سوچ کا مظاہرہ کیا ہے اسی میں برکت ہے ڈیلرز میں اتحاد بہت ضروری ہے اگر ہم متحد ہیں تو اپنے مفادات کا تحفظ کرنے سے کوئی نہیں روک سکتا

وزیراعظم عمران خان کی صدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس طلب

17 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا جائے گا، ملک میں یکساں نظام تعلیم رائج کرنے کے حوالے سے تجاویز بھی دی جائیں گی

ملک کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائیگا، کابینہ سیزن 2018 اور 2019 کیلئے گندم خریداری کی منظوری دیگی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس آج ہوگا، جس میں 17 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا جائے گا، ملک میں یکساں نظام تعلیم رائج کرنے کے حوالے سے تجاویز بھی دی جائیں گی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اہم اجلاس 16 اپریل کو ہوگا، جس میں ملک میں رائج نظام تعلیم میں اصلاحات سمیت 17 نکاتی ایجنڈے پر غور کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت اجلاس میں ملک کی مجموعی صورتحال پر غور کیا جائیگا، کابینہ سیزن 2018 اور 2019 کیلئے گندم خریداری کی منظوری دیگی جبکہ ملک میں موجود وفاق کی فارغ جائیدادوں کی فروخت کا جائزہ بھی لیا جائیگا۔ اجلاس میں وزارت وفاقی تعلیمات یکساں نظام تعلیم رائج کرنے کے حوالے سے تجاویز بھی دیگی۔ کابینہ چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ایجوکیشن کی ڈیپوٹیشن میں توسیع اور فیڈرل لینڈ کمیشن کی چیئرمین کی تعیناتی کی منظوری بھی دیگی جبکہ بلغاریہ اور پاکستان کے ادارے نیشنل میوزیم آف نیچرل ہسٹری کے درمیان مفاہمتی یادداشت اور پاک یونیا جوائنٹ اکنامک کمیشن کے قیام کے پیشگی فیصلہ کی منظوری بھی ایجنڈے کا حصہ ہے۔ اس کے علاوہ کابینہ اجلاس میں انسداد منی لانڈرنگ ایکٹ کے تحت صوبائی کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کو انویسٹی گیشن اینڈ پراسیکوشن ایجنسی بنانے کی منظوری کا بھی امکان ہے۔ یاد رہے 9 اپریل کو وزیراعظم عمران خان کی زیر صدرات وفاقی کابینہ میں ای سی سی کے فیصلوں کی توثیق کی تھی۔

کراچی: تیز گرد آلود ہوائیں، 3 افراد جاں بحق، 20 زخمی

ٹیپو سلطان سگنل میں اسکول کی چھت گرنے سے 5 طالبعلم زخمی گھر کی دیوار سے 4 افراد زخمی

ان میں کورنگی، لانڈھی، ملیر، لیاری، پی ای سی ایچ ایس، پیپلز چورنگی، سرجانی ٹاؤن شامل ہیں

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے مختلف علاقوں میں تیز گرد آلود ہواؤں کا سلسلہ جاری ہے جب کہ مختلف حادثات و واقعات میں 2 بچیوں سمیت 3 افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے۔ شہر قائد کے مختلف علاقوں میں گرد آلود تیز جھکڑ چلنے سے مختلف علاقوں میں دیواریں، چھتیں، کھمبے اور درخت گرنے کے واقعات پیش آئے جب کہ کئی علاقوں میں رات گئے سے بجلی کی فراہمی معطل ہے۔ تیز ہواؤں کے باعث جن علاقوں میں حادثات پیش آئے ان میں کورنگی، لانڈھی، ملیر، لیاری، پی ای سی ایچ ایس، پیپلز چورنگی، سرجانی ٹاؤن شامل ہیں۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پیپلز چورنگی کے قریب درخت گرنے سے ایک شخص جاں بحق ہو گیا جب کہ حاجی مرید گوٹھ میں گھر کی چھت گرنے سے 5 سالہ بچی جاں لبی۔ اسی طرح ٹیپو سلطان سگنل کے قریب اسکول کی چھت گرنے سے 5 طالبعلم زخمی ہو گئے جنہیں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔

گھوٹکی: دو گروپوں کے درمیان تصادم، تین افراد ہلاک، دو زخمی ہو گئے

گھوٹکی (بیورو رپورٹ) سندھ کے ضلع گھوٹکی میں دو گروپوں کے درمیان تصادم میں تین افراد ہلاک اور دو زخمی ہو گئے۔ گھوٹکی پولیس کے مطابق گھوٹکی کے علاقہ ڈہرکی کے مضافات میں واقع کھینجو میں دو گروپوں کے درمیان تصادم کے دوران فائرنگ سے 3 افراد قتل جب کہ 2 شدید زخمی ہو گئے۔ لاشوں اور زخمیوں کو سول اسپتال ڈہرکی منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق دونوں گروپوں کے درمیان زمین کے تنازعہ پر تصادم ہوا جب کہ جاں بحق ہونے والے تینوں افراد ایک دوسرے کے کزنز ہیں۔

آئندہ دور جدید ٹیکنالوجی کا ہوگا، وزیر اطلاعات فواد چوہدری

ملازمتوں کے مواقع پیدا کرنا چیلنج ہے، ملک میں جدید ٹیکنالوجی یونیورسٹی بنا رہے ہیں

ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ نہ ہوئے تو پاکستان پیچھے رہ جائے گا بچے ٹیکنالوجی سے آراستہ ہوں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا کہ آئندہ کا دور جدید ٹیکنالوجی کا ہوگا جس میں پاکستان کو بھی اپنے اندر جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا ہوگا۔ ڈیجیٹل ایڈورٹائزنگ ہمارا روایتی طریقہ کار ختم کر رہی ہے ملک میں میڈیا ٹیکنالوجی یونیورسٹی بنا رہے ہیں جس سے ہمارے بچے جدید ٹیکنالوجی اور تحقیق سے آراستہ ہوں گے، پاکستان میں ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لئے ہوا وے اہم کردار ادا کر رہی ہے اور یورپ، امریکا کی کمپنیاں سرمایہ کاری میں دلچسپی لے رہی ہیں، آئندہ دور ٹیکنالوجی کا دور ہو گا۔ وقت کے ساتھ ٹیکنالوجی کے شعبے میں ترقی کا عمل تیز ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ٹیکنالوجی کے استعمال سے روزمرہ معاملات آسان ہو رہے ہیں اور روزگار کے مواقع کم ہو رہے ہیں جدید دور میں ملازمتوں کے زیادہ مواقع پیدا کرنا چیلنج ہے ایک طرف انفارمیشن ٹیکنالوجی کی وجہ سے معلومات تک رسائی آسان ہو گئی ہے تو دوسری طرف جدید ٹیکنالوجی کی وجہ سے سراغ رسانی کا عمل بھی آسان ہوا۔

ہفت روزہ اخبار ''تاجر لوگ'' کی 10 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان بھر سے ارائیں اور تاجر برداری کی شرکت

لاہور (کے ایس بٹالوی سے) ہفت روزہ اخبار تاجر لوگ کی 10 ویں سالگرہ کے موقع پر پاکستان بھر سے ارائیں اور تاجر برداری کی شرکت، خالد پرویز، میاں عبد الوحید، حاجی منیر، افتخار علی، عتیق الرحمن جوئیہ، محمد اکرم سندھو، قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی کے چیئرمین، ویگر سیاسی و سماجی شخصیات کی شرکت نے سالگرہ کی تقریب کو چار چاند لگا دیئے، ملک بھر سے سیاسی و سماجی شخصیات کو عوامی خدمت کے اعتراف میں خوبصورت شیلڈز پیش کی گئیں، (تقریب کی تصویری جھلکیاں)

23 واں ایڈوانس ہومیوپیتھک سیمینار اور ڈاکٹر سیموئل ہنیمن کی 246 ویں سالگرہ ایشین ہومیوپیتھک میڈیکل لیگیو (رجسٹرڈ) لاہور کے زیر اہتمام ہمدرد ہال میں ایک شاندار تقریب کا انعقاد

لاہور (کے ایس بٹالوی سے) سالگرہ کیک کاٹا گیا اور ڈاکٹرز کو انعامی شیلڈ بھی پیش کی گئیں، ڈاکٹر اظہر انتصار، ڈاکٹر اقبال قصوری، ڈاکٹر ظفر وسیم ڈار، ڈاکٹر کامران زیدی، ڈاکٹر کاشف، و دیگر معزز مہمانوں کی تقریب میں شرکت، کامیاب تقریب احسن طریقے سے اہتمام پذیر ہو گئی، (پروگرام کی تصویری جھلکیاں)